7032-آدمی کو قسم توڑنے کا بتانا تاکہ وہ قسم کا کفارہ ادا کرسکے

سوال

جب کوئی دوسرا شخص قسم کھانے والے کے علم کے بغیر قسم توڑدے توکیا اسے قسم کھانے والے کو بتانا ضروری ہے تاکہ وہ کفارہ ادا کرسکے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال
فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توان کا جواب تھا :

اسے بتانا ضروری ہے .

سوال : ؟

کیا اس پر واجب ہے ؟

جواب :

جی ہاں .

سوال : ؟

اگر وہ اس کی جانب سے کفارہ ادا کرنے
کے بعد اسے بتائے اور وہ اس پر راضی ہوجائے توکیا یہ اس سے ادا ہوجائے گا یا
نہیں ؟

جواب :

صحیح تویہی ہے کہ یہ ادا ہوجائے
گا .

سوال : ؟

اور کیا یہ شرط ہے کہ اسے یہ بھی
بتایا جائے کہ اس نے کفارہ ادا کردیا ہے تاکہ وہ بری الذمہ ہوسکے ؟

جواب :

جی ہاں اسے ضرور بتائے، اوراگر
کفارہ ادا کرنے سے پہلے بتائے تو یہ بہتر ہوگا.